ABC CERTIFIED Process

آزاد دیانت دار اور وقار سے بھرپور صحافت

گروپ ایڈیٹر محمد سلیم شیخ

سیکھنا سکھانا ہی زندگی ہے

روزنامہ صدائے پاکستان

ملتان پاکستان

چیف ایگزیکٹو: ملک محمد احسن لوہاچ

چیف ایڈیٹر ملک شاہ زین

جلد نمبر 05 | جمعہ 09 ربیع الثانی 1447ھ 03 اکتوبر 2025ء 19 اسو | شمارہ نمبر 203

وفاقی محتسب ریجنل ہیڈ نے میپکو کے 20 لاکھ روپے کے جرمانے معاف کروائے

شجاع آباد (اظہر تاج قریشی) وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ غازی خان کے ریجنل ہیڈ محمد صہیب نے وفاقی محتسب آفس ڈیرہ غازی خان میں میپکو ڈیرہ غازی خان کے 135 کیسیز کی سماعت کیتفصیلات کے مطابقوفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ھدایت پر ریجنل ہیڈ محمد صہیب نے سائلین کے مسائل کو بخوبی حل کروانے اور مناسب ریلیف فراہم کرنے کے لیے وفاقی اداروں کے افسران کو ہدایات دیں، اور میپکو کے سائلین کو ناجائز بلوں کی مد میں ڈالے گئے جرمانے موقع پر ہی ختم کروا دیئے اس ضمن میں تقریبا 20 لاکھ کا ریلیف مہیا کیا۔ پیشی پر نہ آنے والے سائلین کو بذریعہ ٹیلیفون کالز سماعت کی گئی میڈیا نمائندگان کی موجودگی میں محمد صہیب نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کو چاہیۓ کہ بلاخوف و خطر وفاقی محکموں کیخلاف شکایات درج کرائیں ہم فوری اور میرٹ پر انصاف فراہم کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے مزید براں ریجنل ہیڈ نے میڈیا نمایندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے احکامات کی روشنی میں عوام کے مسائل کو حل کروانے اور جلد از جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے انتھک محنت اور کوشش جاری رکھیں گے اور اس نظریہ اور پروگرام کے مطابق فوری ریلیف فراہم کرتے رہنا ہمارا اولین فرض ہے۔ اور ہر شکایت کا فیصلہ 60 دن کے مختصر عرصے میں بغیر فیس اور وکیل کے کر دیا جاتا ہے اور اس سنگین اور پریشان کن دور میں رشوت اور سفارش کے بغیر وفاقی محتسب کے تعاون سے سائلین کو انصاف مل جاتا ہے، سائلین نے انویسٹگیشن آفیسر محمد صہیب اور وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا شکریہ ادا کیا۔